SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 17, 2017**
***For immediate release***

انویسٹر ایجوکیشن: ایس ای سی پی کا یونیورسٹیوں کے ریسرچ سینٹرز کے لئے آگہی ورکشاپ کا انعقاد

اسلام آباد (17 مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے اشتراک سے اسلام آباد ریجن کی یونیورسٹیوں کے سینئر پروفیشنلز کے لئے مالی اور سرمایہ کاری کے امور سے آگہی کے لئے سیمینار منعقد کیا۔

سیمینار میں یونیورسٹیوں کے ریسرچ، انوینشن اینڈ کمرشلائزیشن کے شعبوں کے سربراہان نے شرکت کی۔ ایس ای سی پی کے حکام اور ماہرین نے شرکا کو نئے کاروبار کی شروع کرنے ضروری تدابیر، کمپنی کی رجسٹریشن کے طریق کار، کاروبار کے لئے سرمائے کے حصول کے قانونی ذرائع اور سمال انٹرپرائزز کے لئے سٹاک ایکسچینج سے سرمایہ اکٹھا کرنے کے حوالے سے بریفنگ دی۔

ماہرین سے ایس ای سی پی کی متعارف کردہ آن لائن سہولت کے ذریعے گھر بیٹھے کمپنی رجسٹر کرنے کے بارے میں بتایا۔ شرکا کو کاروبار شروع کرنے کے لئے دستیاب مواقع اور اس سلسلے میں موجود سہولتوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ملک میں کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لئے کئے گئے اقدامات اور سمال انٹرپرائزز کو سٹاک ایکسچینج میں لسٹ کرنے پر بھی بات کی گئی۔

شرکا کو سرمایہ کاری کے لئے موجود مواقع جیسے کہ میوچل فنڈز، مضاربہ، سٹاک مارکیٹ وغیرہ کے بارے میں بھی آگہی دی گئی۔ سیمینار میں قائداعظم یونیورسٹی، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس، ائریونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، نسٹ بزنس سکول، انسٹی ٹیوٹ آف سپیس ٹیکنالوجی، یونیورسٹی آف ہری پور، یونیورسٹی آف آزاد جموں اور کشمیر اور بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی نے شرکت کی۔

شرکا نے ورکشاپ کی اہمیت کو سراہا اور یونیورسٹیوں میں الگ الگ خصوصی موضوعات پر ایسے سیمینار منعقد کرنے کے لئے ایس ای سی پی کو دعوت دی۔